سوال

سجدۂ شکر کب کریں اور اس کی کیفیت کیا ہونی چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے لیے سجدۂ شکر کب کیا جائے؟ اس کی کیفیت کیا ہوگی اور کیا اس کے لیے وضو شرط ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سجدۂ شکر اس وقت ہوتا ہے جب کوئی مصیبت دور ہو جائے یا انسان کو کوئی نعمت حاصل ہو۔ یہ سجدہ اسی طرح ہے جس طرح نماز سے باہر کا سجدہ تلاوت ہوتا ہے۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ سجدہ شکر بھی باوضو ہونا چاہیے اور اس کے لیے بھی اللہ اکبر کہا جائے۔ بعض کی رائے ہے کہ صرف سجدہ کو جاتے وقت اللہ اکبر کہا جائے، پھر سجدہ میں گر جائے اور ''سُبحَانَ رَبِّیَ الأَعلَیٰ'' پڑھنے کے بعد دعا کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 304